# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 29 May 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۹ مئی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **آئندہ مانسون کے پیشِ نظر قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے قائم ریاستی محکمے کی تمام مشنری تیار۔ وزیر اعلیٰ کا بیان**

☆ **پونے کے پورشے کار حادثے کی سی بی آئی سے جانچ کرانے کی کانگریس کی مانگ**

☆ **لوک سبھا انتخابات میں ووٹوں کی گنتی کے لیے مراٹھواڑہ کی انتظامیہ کی تیاری مکمل**

☆ **مجاہدِ آزادی ویر ساورکر کی سالگرہ کل منائی گئی جوش وخروش سے**

**اور**

☆ **جنوبی مراٹھواڑہ میں آئندہ 36 / تا 48 / گھنٹوں میں موسمی بارش کا امکان**

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ آئندہ مانسون کے پیشِ نظر ریاست میں قدرتی آفات سے نمٹنے کے محکمے کی تمام مشنریز تیار ہے۔ اِس خصوص میں وزیر اعلیٰ کی زیرِ صدارت کل ممبئی میں ایک میٹنگ کا اہتمام کیا گیا۔ اِس میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار سمیت متعلقہ افسران موجود تھے۔ میٹنگ کے بعد اخباری نمائندوں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ مراٹھواڑہ کے قحط سالی' بے موسم بارش' شدید بارش اور ژالہ باری سے متاثرہ افراد کی امداد سمیت دیگر کئی موضوعات پر میٹنگ میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ انھوں نے بتایا کہ موسم باراں کے دوران شدید بارش سے متاثرہ قصبوں میں ادویات اور اناج کی فراہمی اور کرناٹک تلنگانہ' مدھیہ پردیش سے آنے والے پانی کا انتظام کرنے جیسے مسائل پر بھی اِس اجلاس میں بات چیت ہوئی۔

***** ***** *****

ایوت محل ضلعے کے قبائلی دیہاتوں میں سرکاری اسکیمات سے استفادے کے لیے مختلف پروگرام چلائے جارہے ہیں۔ضلع کے پانڈھرکوڑا میں قبائلی ترقیاتی پروجیکٹ کی جانب سے سرکاری اسکیمات کے فائدے سے محروم 400/قبائلی دیہاتوں کے سرپنچوں کو اسکیمات کی معلومات دینے والے کیو آر کوڈ کے حامل پوسٹ کارڈس روانہ کیے گئے ہیں۔اِس کیو آر کوڈ کو اسکین کرنے کے بعد پروجیکٹ آفس کی ویب سائٹ کھل جائے گی اور قبائلی ترقی کے محکمے کی جانب سے چلائی جارہی اسکیمات کی تفصیلی معلومات دستیاب ہوجائے گی۔ پروجیکٹ افسر سوہاس گاڑے نے اپیل کی ہے کہ ضرورت مند شہریان کو اِن اسکیمات سے معلومات دیں۔تاکہ وہ اِس سے فائدہ اٹھاسکیں۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پونے کی پورشے کار حادثے کی سی بی آئی سے جانچ کرائی جائے۔ موصوف کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس کے دوران بول رہے تھے۔انھوں نے وزیر اعلیٰ سے ریاست میں آنے والی منشیات سے متعلق خلاصہ کرنے کی بھی مانگ کی۔ اِسی بیچ راشٹروادی کانگریس شرد پوار گروپ کی رہنما سُپریہ سُلے نے حکومت سے پونے کیے سسون اسپتال کے گزشتہ 5/ برس کے کام کاج پر مبنی قرطاس ابیض پیش کرنے کا مطالبہ کیا۔انھوں نے بتایا کہ اِس اسپتال سے متعلق مسلسل شکایات موصول ہورہی ہیں۔ اِسی بیچ اِس حادثے کے کم عمر ڈرائیور کے والد وشال اگروال اور دادا سُریندر اگروال کی پولس تحویل میں 31/مئی تک کا اضافہ کردیا گیا ہے۔اِس معاملے میں کم عمر ملزم کے خون کے نمونوں کی جانچ سے چھیڑ چھاڑ کرنے والے 2/ڈاکٹروں سمیت 3/ملزمان کی پولس تحویل عدالت نے 30/مئی تک بڑھادی ہے۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں 4/جون کو ہونے والی ووٹوں کی گنتی کے لیے متعین کیے گئے افسران وملازمین‘ نائب ریٹرننگ افسر اور محکمے پولس کے افسران وملازمین نے کل گنتی سے متعلق تربیت لینے کے لیے چھترپتی سنبھاجی نگر میں ورک شاپ کا انعقاد کیا۔اِس موقع پر ضلع کلکٹر وضلع ریٹرننگ افسر دلیپ سوامی نے ووٹوں کی گنتی میں حصہ لینے والے تمام افسران وملازمین سے بغیر کسی غلطی کے گنتی کا عمل انجام دینے کی خاطر تربیت کے ذریعے خود کو اہل ثابت کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ لوک سبھا حلقے میں کل ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے ووٹوں کی گنتی کے عمل سے متعلق تمام اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے میٹنگ کا انعقاد کیا۔ اِس موقعے پر تمام متعلقہ سینئر افسران موجود تھے۔ راؤت نے گنتی کے مقام پر کیے جانے والے انتظامات کا بھی معائنہ کیا۔

***** ***** *****

اِسی طرح لاتور لوک سبھا حلقے میں ووٹوں کی گنتی کی خاطر تعینات افسران و ملازمین کی تربیت کے لیے کل ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اِس میٹنگ میں ضلع کلکٹر اور ریٹرننگ افسر ورشا ٹھاکر گھوگے نے مشورہ دیا کہ ہر کسی کو اپنے فرائض احتیاط سے انجام دینے چاہیے تاکہ رائے شماری کا عمل پُرامن اور درست ہو۔

***** ***** *****

پربھنی کے کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر رگھوناتھ گاؤڑے نے بتایا کہ پربھنی میں رائے شماری کے عمل کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ووٹوں کی گنتی کے لیے ملازمین اور نگراں کاروں پر مشتمل 425 / افراد کا عملہ نامزد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

اِسی طرح ہنگولی میں بھی ضلع منصوبہ بندی کمیٹی کے ہال میں افسران و ملازمین کو ووٹوں کی گنتی کے حوالے سے تربیت دی گئی ہے۔ ضلع کلکٹر جیتندر پاپلکر نے مقرر کیے گئے عملے سے ذمہ داریوں کو صحیح طریقے سے نبھانے اور انتخابی عمل کو کامیاب بنانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے 17 / اسکولوں نے دسویں جماعت کے امتحانات میں 87 / اعشاریہ 70 / فیصد نمبرات حاصل کیے ہیں. جبکہ 2 / اسکولوں میں 75 / فیصد نمبرات حاصل کرنے والے 51 / طلباء کو میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شریکانت نے کل اعزاز سے نوازا۔ کمشنر نے طلباء کی مستقبل کی ترقی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

مجاہد آزادی وِنائک دامودر ساورکر کی سالگرہ کی مناسبت سے کل ہرطرف انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے انہیں اِس موقع پر یاد کرتے ہوئے کہا کہ وطن کی خاطر اپنی زندگی وقف کر دینے والے ویر ساورکر کی حیات وطن کی خدمت کا سبق دیتی ہے۔

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل اپنی سرکاری رہائش گاہ ورشا پر ویر ساورکر کو خراج عقیدت پیش کیا اور اُن کی تصویر پر پھول چڑھائے۔ نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بھی ساورکر کو خراج تحسین پیش کیا۔ چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کلکٹر دفتر میں کلکٹر دلیپ سوامی نے ویر ساورکر کی تصویر پر پھول چڑھا کر اُنہیں یاد کیا۔

اِسی طرح ناندیڑ‘ دھاراشیو اور ناسک اضلاع میں بھی ویر سورکر کی جینتی منائی گئی۔ ویر ساورکر کا میدان عمل رہے رتنا گیری شہر میں پتیت پاون مندر‘ ساتنتر لکشمی چوک اور مرکزی جیل میں واقع مجسمے پر پھول نچھاور کر کے اُن کی خدمات یاد کی گئی۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں مویشیوں کی افزائش کے ضلع افسر ڈاکٹر وائے بی پوجاری نے بتایا کہ ضلع میں جانوروں کا چارا مناسب مقدار میں موجود ہے۔ محکمہ نے 56 / ہزار 815 / کلو نئے بیج گزشتہ برس چارے کی کمی کی روک تھام کے لیے تقسیم کیے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ 3 / ہزار 787 / ہیکٹر رقبے پر چارے کی کھیتی کی گئی جس سے 3 / لاکھ میٹرک ٹن چارہ پیدا کیا گیا۔ ربیع اور خریف کی فصلوں سے بھی کم وبیش ساڑھے 7 / لاکھ میٹرک ٹن چارہ جمع ہوا ہے۔ جس کے بعد ضلع انتظامیہ کو دوسرے کسی ضلعے سے چارہ خریدی سے روکا گیا ہے۔ محکمے نے بتایا کہ آئندہ ماہِ جون میں مکئی کے بیج کسانوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں روزگار ضمانت اسکیم کے تحت اب تک 40 / تالابوں سے 287 / براس کیچڑ نکالا جا چکا ہے۔ ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے بتایا کہ ضلعے میں جھیلوں اور ڈیمس میں سے گال نکالنے کا کام عوام کی شراکت سے جاری ہے۔ انھوں نے سماجی تنظیموں اور کسانوں سے اِس کام میں تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔ انھوں نے کسانوں سے کہا ہے کہ وہ نکالا گیا کیچڑ اپنے کھیتوں میں ڈالنے کے لیے لے جائیں۔ وہیں ناندیڑ ضلع پریشد کے سی ای او مینل کرنوال نے کل بلولی تعلقے کے مختلف دیہاتوں کا دورہ کیا اور گال نکالنے کے کاموں کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

لاتور شہر کو فی الحال مانجرا  آبی منصوبے کے ڈیڈ ریز رو سے آب رسانی کی جاری ہے۔ لاتور میونسپل کارپوریشن نے شہریان سے اپیل کی ہے کہ وہ ناقص نل کنکشنز کی مرمت کریں  اور پانی کو ضائع ہونے سے روکیں۔ کارپوریشن نے انتباہ دیا ہے کہ پانی ضائع کرنے والوں کے خلاف جرمانے کی کارروائی کی جائے گی۔

اِسی بیچ لاتور میونسپل کارپوریشن نے کل املاک ٹیکس کے بقایا جات کی ادائیگی نہ کرنے پر 12 / گالے سیل کر دیے۔ ساتھ ہی 18 / لاکھ 2 / ہزار 547 / روپئے املاک ٹیکس کی وصولی کی۔

***** ***** *****

جنوبی مراٹھواڑہ میں آئندہ 36 /  تا 48 / گھنٹوں کے دوران بارش ہونے کا امکان ہے۔ چھترپتی سنبھا جی نگر میں واقع  ایم  جی  ایم  یونیورسٹی کے  اے پی جے ابوالکلام خلائی سائنس کے مرکز کے ڈائریکٹر شری نواس اوندھکر نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے مزید بتایا کہ چھترپتی سنبھا جی نگر کا کل درجہ حرارت 39 / اعشاریہ 9 / ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ انھوں نے  بتایا کہ کل شہر میں 37 / اعشاریہ 2 / کل میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوا چل رہی تھی۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ آئندہ مانسون کے پیش نظر قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے قائم ریاستی محکمے کی تمام مشنری تیار۔ وزیراعلیٰ کا بیان

☆ پونے کے پورشے کار حادثے کی سی بی آئی سے جانچ کرانے کی کانگریس کی مانگ

☆ لوک سبھا انتخابات میں ووٹوں کی گنتی کے لیے مراٹھواڑہ کی انتظامیہ کی تیاری مکمل

☆ مجاہد آزادی ویر ساورکر کی سالگرہ کل منائی گئی جوش وخروش سے

اور

☆ جنوبی مراٹھواڑہ میں آئندہ 36 / تا 48 / گھنٹوں میں موسمی بارش کا امکان

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆